آپکے پالتو جانور پر 10 یوم کی قید و بند

میرے پالتو جانور پر 10 دن کی قیدوبند کیوں ہے؟

ب کوئی جانور کسی شخص یا کسی دوسرے جانور کو کاٹتا ہے تو بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ اسے ریبیز نامی بیماری لاحق ہو۔ **10 دن کی قید و بند، مشاہدہ کیے جانے کی لئے درکار قانونی مدت ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کے پالتو جانور (کو لگنے والی ویکسینشن کی حیثیت سے قطع نظر اس) کو ریبیز (ایک نادر لیکن مہلک وائرل انفیکشن) نہیں ہے۔**

اگر آپ کا پالتو جانور مکمل 10۔ دن تک بالکل تندرست رہتا ہے، تو اسکا مطلب ہے کہ آپ کے پالتو کو ریبیز نہیں ہے۔ **اگر آپ کا پالتو اس قید و بند کے دوران بیمار ہو جائے، تو ممکن ہے کہ اسے ریبیز ہو۔** ہیلتھ ڈپارٹمنٹ سے ماہرین آپ کو معلومات فراہم کریں گے کہ ایسی صورتحال میں کیا کرنا چاہیے۔

کسی جانور کو ریبیز لاحق ہے، یہ جاننا بہت اہمیت کا حامل ہے۔ **کوئی بھی ایسا کہ جسے ریبیز میں مبتلا جانور کاٹ کھائے، اسکے لئے ضروری ہے کہ وہ بیماری و موت سے بچنے کیلئے ویکسین لگوائے۔** لہذا، اگرچہ آپ کے پالتو جانور کو ریبیز ہونے کا امکان بہت ہی کم ہو، تو بھی عوامی صحت کے تحفظ کیلئے اس پر قیدوبند لگانا تشویشناک حد تک ضروری ہے۔

ریبیز کے متعلق مزید معلومات درج ذیل ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں: fairfaxcounty.gov/health/rabies.

اگلے 10 دنوں میں مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اپنے کتے، بلی یا فیرٹ (نیولے) کو قید و بند کے معاہدے میں درج کردہ اس پتہ پر رکھیں کہ جسے آپ نے اینیمل پروٹیکشن پولیس آفیسر کے ساتھ معاہدے کے اختتام کی تاریخ تک رکھے جانے کیلئے درج کیا تھا۔ آپ اپنے جانور کو متعلقہ پراپرٹی کے نزدیک ہی (بلاک کے ارد گرد) گلے میں پٹا (رسی) ڈال کر چہل قدمی کرنے کیلئے لے جا سکتے ہیں، جب تک کہ آپ فیئر فیکس کاؤنٹی ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کو یہ اطلاع نہ دے دیں کہ آپ کا جانور تندرست ہے نیز جب تک کہ آپ کو یہ نہ بتا دیا جائے کہ قید و بند ختم ہو گئی ہے۔

فیئر فیکس کاؤنٹی ہیلتھ ڈپارٹمنٹ ایمرجنسی کے آن کال ریبیز پروگرام کے عملے کوفوری طور پر *(24/7/365)* رابطہ کرنے کیلئے 2296-274-517 پرکال کریں اگر:

- آپ کا جانور بیمار ہو جائے، مر جائے یا فرار ہو جائے، یا
- اگر آپ اپنے جانور کو آرام دہ موت دینا چاہتے ہیں، یا
- آپ اپنے جانور کو کسی اور شخص یا پناہ گاہ کے حوالے کرنا چاہتے ہیں

جب میرا پالتو جانور قید و بند میں ہو تو مجھے اس میں (کن علامات) کو دیکھنا چاہیے؟

10۔ دن کی قید و بند کے دوران اگر آپ کے پالتو میں بیماری کی علامات ظاہر ہوں تو، فوری طور پر کسی ماہر سے بات کرنے کیلئے ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کو 2296-274-571 پر کال کریں۔ ریبیز کا شکار جانور مزید سے مزید تر بیمار ہوتا جائے گا، کھانا پینا چھوڑ سکتا ہے، اور مشتعل رویہ اختیار کر سکتا ہے۔ اگر آپ کا جانور بیمار ہو جائے تو ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کا ماہر آپ سے بات کرے گا اور آپ کو بتائے گا کہ اب آپ کو کیا کرنا ہے۔

ہم نے 10 دن پورے کر لئے ہیں۔ اب کیا کریں؟

شاندار خبر! آپکے کتے، بلی یا فیرٹ کو اس وقت ریبیز نہیں تھی جب اسکے کاٹنے کی اطلاع ملی تھی۔ اپنے جانور کو قید و بند سے چھڑانے کیلئے اس ای۔ میل میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں جو آپ نے اینیمل پروٹیکشن پولیس کو اس سبجیکٹ کے ساتھ بھیجی تھی "فیر فیکس کاؤنٹی: 10۔ ڈے انیمل کنفائنمنٹ کلئیرنس فارم۔" ایک بار جب آپ اسے مکمل کر لیتے ہیں، تو آپ کا جانور قید سے رہا ہو جاتا ہے۔ **آپکا پالتو جانور قانونی طور پر قید میں رہتا ہے جب تک کہ آپ اس فارم کو پُر نہ کر لیں۔**

فیر فیکس کاؤنٹی کو رہنے، کام کرنے اور کھیلنے کیلئے محفوظ جگہ بنانے میں مدد کرنے پر آپ کے تعاون کا شکریہ!

اگر اپنے پالتو جانور کی قیدوبند کے حوالے سے آپ کے مزید کوئی سوالات ہوں تو، براہِ مہربانی عمومی کاروباری اوقات میں فیئر فیکس کاؤنٹی ہیلتھ ڈپارٹمنٹ ریبیز پروگرام کو 2433-246-703 پر کال کریں۔

فیئر فیکس کاؤنٹی، ورجینیا، پبلیکیشنز۔ 2021/07۔ اس معلومات کی متبادل فارمیٹ میں درخواست کرنے کے لیے، ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کو (711-TTY) 703-246-2411 پررابطہ کریں۔

www.fairfaxcounty.gov/health